# الابرار مدینۃ العلم رحمانیہ۔

## کارخانہ روڈ، نزد بجلی چوک، پاک پتن شریف / پنجاب۔

دینی و قرآنی اور عصری علوم کے سلسلے کو مزید وسعت دیتے ہوئے پاک پتن شریف، پنجاب میں بھی فرد الافراد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمہ اللہ کے فیضان کے سائے میں حضور قبلہ چچا جان الحاج صوفی ابرار احمد قادری چشتی ممتازی رحمانی نور اللہ مرقدہٗ کے نام نامی اسمِ گرامی سے موسوم یہ مدرسہ و اسکول 1999ء میں قائم ہوا۔ جہاں قاعدہ و ناظرہ، حفظ القرآن کے ساتھ ساتھ تجوید و قرأت کورس، درسِ نظامی، عالمہ کورس، نعت خوانی و حسنِ تقریر، محفلِ ذکر و بیان اور میٹرک تک اسکول کی تعلیم و تدریس کا اہتمام ہے۔

جہاں اسکول کے شعبہ میں تقریباً 327/طلبہ و طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ جنہیں 21/ معلمین و معلمات تعلیم و تدریس کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ جبکہ مدرسہ کے شعبۂ اطفال و بنات میں تقریباً 255 طلبہ و طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ اور اِن کو 15 معلمین و معلمات تعلیم و تربیت کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔

الحمدللہ! یہاں ہر سال ماہِ محرم الحرام شریف میں حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمہ اللہ کے سالانہ عُرس مُبارک کے موقعہ پر حلقۂ

رحمانی سے وابستہ اور بزرگوں سے نسبت و عقیدت رکھنے والے احباب کی ایک کثیر تعداد تشریف لاتی ہے۔ جن کے قیام و طعام اور میزبانی کے فرائض الحمدللہ ادارہ اور حضرت قبلہ چچا جان رحمہ اللہ کے مُریدین و محبین انجام دیتے ہیں۔